وزیراعظم کی جنوبی افریقہ کے صدر سے ملاقات

23اگست 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 23 اگست 2023 کو جوہانسبرگ میں 15ویں برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر جمہوریہ جنوبی افریقہ کے صدر جناب سیرل رامافوسا سے ملاقات کی۔

2. دونوں رہنماؤں نے دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا اور دفاع، زراعت، تجارت اور سرمایہ کاری، صحت، تحفظ اور عوام کے درمیان تعلقات جیسے مختلف شعبوں میں ہونے والی ترقی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

3. دونوں اطراف نے کثیرالجہتی اداروں میں مسلسل ہم آہنگی اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور کثیرالجہتی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ صدر رامافوسا نے ہندوستان کی G20 صدارت کے لیے مکمل حمایت کا اظہار کیا اور افریقی یونین کو G20 کی مکمل رکنیت دینے کے ہندوستان کے اقدام کی تعریف کی۔
انہوں نے بتایا کہ وہ G-20 سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے نئی دہلی آنے کے منتظر ہیں۔

4. وزیر اعظم نے صدر رامافوسا کو برکس سربراہی اجلاس کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی۔
وزیراعظم نے صدر رامافوسا کی طرف سے باہمی طور پر مناسب تاریخ پر جنوبی افریقہ کے سرکاری دورے کی دعوت قبول کی۔

جوہانسبرگ
23 اگست 2023